# Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department


## پاکستان تحریک انصاف کے زیرِ حراست قائدین کے مقدّمات میں ظالمانہ طوالت کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے ڈاکٹر یاسمین راشد، سینیٹر اعجاز چودھری، میاں محمود الرشید، عمر سرفراز چیمہ اور عالیہ حمزہ سمیت دیگر زیرِ حراست قائدین و کارکنان کو طویل عدالتی کارروائی کے ذریعے ریاستی عتاب کا نشانہ بنانے کی شدید مذمت: پاکستان تحریک انصاف کے سینئر قائدین اور کارکنان ملکی تاریخ کے بدترین سیاسی و ریاستی انتقام کی زد میں ہیں، گزشتہ پانچ ماہ سے ملک میں لاقانونیّت کا مکروہ کھیل جاری ہے اور نظامِ انصاف اپنی ساکھ تک برقرار رکھنے میں ناکام ہو رہا ہے، تحریک انصاف کے زیرِ حراست قائدین میں سے اکثر کے چالان تک عدالتوں میں پیش نہیں کیئے گئے نہ رسمی پیشیوں کے علاوہ ان کے مقدمات پر کارروائی آگے بڑھائی گئی ہے، جیل میں قیدِ ضمیر کے قیدی چیئرمین عمران خان کے ساتھیوں کو بنیادی آئینی حقوق اور انصاف سے محروم رکھنے کیلیے پراسیکیوشن اور عدلیہ کی ذیلی شاخوں کے مابین ایک اشتراکِ بد کا تاثر عوام میں پختہ ہو رہا ہے، پراسیکیوشن تمام تر توانائیاں جھوٹے مقدمات قائم کرنے میں لگا رہی ہے جبکہ عدالتوں کی قابلِ ذکر اکثریت قانون و انصاف کے تقاضوں کو بالائے طاق رکھتے ہوئے ریاستی مشینری کے ہاتھوں میں کھلونا بنی ہوئی ہیں، نچلی عدالتوں میں جاری ظلم پر عدالتِ عظمیٰ کی خاموشی نے ملک میں لاقانونیّت کے فروغ اور حوصلہ افزائی کا سامان کر رہی ہے، عدلیہ شہریوں خصوصاً بے گناہ سیاسی کارکنان کیخلاف ریاستی وحشت کو خاموش جواز بخشنے کی بجائے ملک میں انصاف کا شیرازہ بکھرنے سے بچائے، تحریکِ انصاف کی تمام زیرِ حراست قائدین کا منصفانہ سماعت کا آئینی حق تسلیم کیا جائے اور ان کے مقدمات پر شفاف انداز میں کارروائی مکمل کرتے ہوئے انہیں ریاست کی عریاں وحشت سے نجات دلوائی جائے۔

ترجمان تحریک انصاف